کارکنان کے لیے حقائق نامہ

# مہاجرین اور پناہ گزینوں کے لیے Form I-9 سے متعلق معلومات

ریاستہائے متحدہ میں ملازم کے طور پر کام شروع کرنے والا ہر شخص **Form I-9** کو مکمل کرتا ہے جو کہ ایک سرکاری فارم ہے جسے آجر آپ کی شناخت اور کام کرنے کی اجازت کی تصدیق کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

اس حقائق نامے کا مقصد آپ، پناہ گزینوں اورمہاجرین کی Form I-9 مکمل کرنے اور آپ کے حقوق جاننے کے حوالے سے مدد کرنا ہے۔ وہ آجر جو Form I-9 کے پراسس کے دوران آپ کی شہریت، ترک وطن کی حیثیت یا اصل قومیت کی بنیاد پر آپ کے ساتھ امتیازی سلوک کرتے ہیں وہ امیگریشن اینڈ نیشنلٹی ایکٹ (Immigration and Nationality Act, INA) کے حصے کی خلاف ورزی کے مرتکب پائے جا سکتے ہیں۔ امتیازی سلوک کے خلاف یہ قانون **8 U.S.C § 1324b** پر موجود ہے۔

## Form I-9 مکمل کرنا

### Form I-9 کے Section 1 کے لیے، اپنے بارے میں معلومات فراہم کریں۔

- Form I-9کے Section 1 میں اپنا نام اور اپنے بارے میں دیگر معلومات درج کریں۔
    - آپ کسی سے اس سیکشن کو پُر کرنے میں مدد کے لیے کہہ سکتے ہیں۔
- آپ کو ایک باکس کو نشان زد کرنا ہو گا جو اس اسٹیٹس کو ظاہر کرے جو آپ کو کام کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

- مہاجرین اور پناہ گزینوں کو چوتھے باکس میں " A noncitizen authorized to work" (کام کرنے کا مجاز غیر شہری) کو نشان زد کرنا چاہیے۔ اس باکس کے آگے میعاد ختم ہونے کی تاریخ، اگر کوئی ہے، پُر کرنے کے لیے جگہ ہے۔
- چونکہ آپ کے کام کرنے کے حق کی میعاد ختم نہیں ہوتی ہے، اس لیے تاریخ ختم ہونے کی جگہ میں "N/A" (جس کا مطلب ہے "قابل اطلاق نہیں") لکھیں۔

## Form I-9 کے Section 2 کے لیے، اپنے آجر سے متعلق دستاویزات دکھائیں جو آپ کی شناخت اور کام کرنے کی اجازت دکھاتی کرتی ہے۔

- Form I-9 میں دستاویزات کی تین فہرستیں (لسٹس) ہیں جو آپ Form I-9 کے Section 2 کے لیے دکھا سکتے ہیں:
  - **List A** (دستاویزات جو آپ کی شناخت اور کام کی اجازت کو ظاہر کرتی ہیں)،
  - **List B** (دستاویزات جو آپ کی شناخت ظاہر کرتی ہیں)
  - **List C** (دستاویزات جو آپ کی کام کی اجازت کو ظاہر کرتی ہیں)۔
- آپ کو اپنے آجر کو یا تو:
  - ایک List A دستاویز دکھانی چاہیے یا
  - یایک List B دستاویز اور ایک List C دستاویز کا مجموعہ دکھانا چاہیے۔
- دستاویزات کی فہرستوں کے نیچے **receipts** (رسیدیں) درج ہیں۔ رسیدیں فارم I-9 کے لیے بھی مختلف وقتوں کے لیے قابل قبول ہیں۔

**آپ کو وہ قابل قبول دستاویزات منتخب کرنے کا حق حاصل ہے جو آپ Form I-9 Lists of Acceptable Documents (Form I-9 قابل قبول دستاویزات کی فہرستیں) میں سے دکھانا چاہتے ہیں۔**

۔ آپ کا آجر آپ کے پناہ گزین یا مہاجر کے اسٹیٹس، یا اصل قومیت کی بنیاد پر آپ سے مخصوص دستاویزات دکھانے کا مطالبہ نہیں کر سکتا۔ **کوئی آجر جو مخصوص دستاویزات درکار کرے وہ غیر قانونی طور پر امتیازی سلوک کرنے کا مرتکب ہو سکتا ہے۔** مثال کے طور پر، اگرچہ آپ کے پاس ایمپلائمنٹ آتھرائزیشن ڈاکومنٹ ( Employment Authorization Document, EAD) ہو سکتا ہے، آپ اس کے بجائے دیگر دستاویزات دکھانے کا فیصلہ کر سکتے ہیں، جیسے کہ ریاست کی شناخت (List B دستاویز) اور ایک غیر محدود سوشل سیکیورٹی کارڈ (List C دستاویز)۔

**آپ کے پاس کئی قسم کی قابل قبول Form I-9 دستاویزات ہو سکتی ہیں۔**

- آپ Form I-9 کے لیے I-94 دکھا سکتے ہیں۔ آپ کو یا تو محکمہ داخلی سیکورٹی سے کاغذ پر اپنا I-94 ملے گا یا پھر آپ **Customs and Border Protection** (کسٹم اور بارڈر پروٹیکشن) کی ویب سائٹ سے اپنا I-94 پرنٹ کر سکتے ہیں۔

- اگر آپ مہاجر ہیں تو List A دستاویز کے **لیے آپ کا I-94 ایک receipt ہے** جو آپ کے کام کے پہلے دن سے 90 دنوں کے لیے قابل استعمال ہے۔ 90 دنوں کے بعد، آپ کو اپنے آجر کو یا تو EAD، یا **List B** دستاویز اور ایک **غیر محدود سوشل سیکیورٹی کارڈ** کا مجموعہ دکھانا ہو گا۔

- اگر آپ پناہ گزین ہیں تو آپ اپنے I-94 کو **مستقل List C دستاویز** کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں جس کی میعاد ختم نہیں ہوتی ہے۔

- پناہ گزین اور مہاجرین EADs کے اہل ہیں۔ اگر آپ اپنے EAD کی تجدید کے لیے درخواست دینے کا فیصلہ کرتے ہیں اور آپ کی درخواست آپ کے EAD پر درج میعاد ختم ہونے کی تاریخ تک دائر کی جاتی ہے تو آپ اپنے موجودہ EAD کے ساتھ کام جاری رکھنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ آپ کی EAD کی میعاد ختم ہونے کی تاریخ کے **بعد کچھ وقت تک**، آپ اپنے آجر کو I-797C کے receipt نوٹس کے ساتھ اپنا EAD دکھا کر کام جاری رکھ سکتے ہیں (جو یہ ظاہر کرے کہ حکومت کو آپ کی نئی EAD کی درخواست موصول ہو چکی ہے)۔ EAD کی آٹومیٹک ایکسٹینشن کے بارے میں مزید معلومات کے لیے سول رائٹس ڈویژن کے امیگرنٹ اینڈ ایمپلائی رائٹس سیکشن (Immigrant and Employee Rights Section, IER) کو کال کریں۔

- آپ **گمشدہ، چوری شدہ، یا ناقص** دستاویزات کی receipts بھی دکھا سکتے ہیں۔

**جب آپ Form I-9 کو مکمل کرنے کے لیے اپنی دستاویزات دکھا دیتے ہیں تو آپ کے آجر کو صرف محدود حالات میں آپ سے دوبارہ دستاویزات طلب کرنے کی اجازت ہو گی۔**

- آجر کب دوبارہ دستاویزات طلب کر سکتا ہے، اس حوالے سے قواعد و ضوابط **Handbook for Employers M-274** (آجروں کے لیے ہینڈ بک M-274) میں بیان کیے گئے ہیں۔

- اگر آپ نے Form I-9 کے لیے EAD دکھایا ہے تو آپ کا آجر کام کرنے کی آپ کی اجازت کی تصدیق کے لیے آپ کی EAD کی میعاد ختم ہونے تک ایک اور دستاویز دکھانے کو کہے گا۔ اس مرحلے پر، آپ یا تو کوئی **List A** دستاویز یا کوئی **List C** دستاویز جیسے کہ ایک غیر محدود سوشل سیکیورٹی کارڈ دکھانے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ آپ ایک نیا EAD دکھانے کا انتخاب کر سکتے ہیں لیکن آپ کو ایسا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

- اگر آپ نے کام کرنے کی اجازت کے ثبوت کے طور پر Section 2 کے لیے غیر محدود سوشل سیکیورٹی کارڈ دکھایا اور Section 1 میں میعاد ختم ہونے کی تاریخ کے لیے "N/A" درج کیا تو آپ کے آجر کو آپ سے مزید دستاویزات درکار کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

- وہ آجر جو آپ کی پناہ گزین یا مہاجر کی حیثیت کی بنیاد پر یا آپ کی اصل قومیت کی بنیاد پر دستاویزات طلب کرتے ہیں جب کہ ان سے ایسا کرنا درکار نہیں کیا جاتا تو وہ قانون کی خلاف ورزی کے مرتکب ہو سکتے ہیں۔ اس بارے میں مزید معلومات کے لیے امیگرنٹ اینڈ ایمپلائی رائٹس (IER) سیکشن کو کال کریں کہ آپ کے آجر کو آپ سے مزید دستاویزات کب طلب کرنے کی اجازت ہے۔

## آپ اپنا سوشل سیکورٹی نمبر وصول کرنے کے انتظار کے دوران کام کر سکتے ہیں۔

- اگر آپ کو ملازمت مل جاتی ہے لیکن آپ کے پاس ابھی تک آپ کا سوشل سیکیورٹی نمبر نہیں ہے تو **سوشل سیکیورٹی ایڈمنسٹریشن** آجروں کو ہدایت کرتی ہے کہ کارکنوں کو اپنے سوشل سیکیورٹی نمبر کا انتظار کرتے وقت کام کرنے کی اجازت ہے۔

- آپ کے آجر کو ہمیشہ آپ کو مکمل کیے گئے کام کی ادائیگی کرنی چاہیے، چاہے آپ ابھی اپنے سوشل سیکیورٹی نمبر کا انتظار کر رہے ہوں۔

- اگر ملازمت شروع کرتے وقت آپ کے پاس اپنا سوشل سیکیورٹی نمبر نہیں ہے تو Form I-9 میں Section 1 میں سوشل سیکیورٹی نمبر باکس کو خالی چھوڑ دیں۔

- اگر آپ کا آجر E-Verify کا استعمال کرتا ہے، E-Verify آجروں کو **E-Verify کیس بنانے میں تاخیر کرنے** کی ہدایت کرتا ہے جب تک کہ آپ کو اپنا سوشل سیکیورٹی نمبر موصول نہ ہو جائے۔ اگر آپ نے Form I-9 مکمل کر لیا ہے تو آپ اس وقت کے دوران کام کر سکتے ہیں۔ **E-Verify کے قواعد و ضوابط** خاص طور پر یہ استثناء فراہم کرتے ہیں اور آجروں کو کیس بنانے کے لیے ہدایات فراہم کرتے ہیں۔ مزید معلومات **www.e-verify.gov** پر دستیاب ہیں۔

*نظر ثانی شدہ اگست 2023*

*(اگلے صفحے پر جاری ہے)*

## ہم سے رابطہ کریں

- **مزید مدد کے لیے** Immigrant and Employee Rights سیکشن کی **ورکر ہاٹ لائن 1-800-255-7688** پر یا سماعت کے حوالے سے معذوریوں کے حامل افراد 1-800-237-2515 پر کال کریں۔
    - ہماری جانب سے کوئی بھی معاونت مفت ہے۔ کالیں گمنام طور پر ہو سکتی ہیں اور زبانوں کی مفت خدمات دستیاب ہیں۔

- مزید جاننے کے لیے، ہماری **ویب سائٹ** ملاحظہ کریں۔
- امتیازی سلوک کی اطلاع دینے کے لیے، **justice.gov/crt/filing-charge** پر جائیں۔